بینک دولت پاکستان

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (بینک)

شعبہ انتظامِ کرنسی

سی ایم ڈی سرکلر نمبر 7 **8 دسمبر 2020ء**

جناب صدر / چیف ایگزیکٹو آفیسر
تمام کمرشل بینک

<u>40ہزار روپے مالیت کے قومی پرائز بانڈز کا گردش سے اخراج</u>

محترم / محترمہ،

براہِ کرم اِس شعبے کے سرکلر نمبر سی ایم ڈی / جی ایس ایس اے ڈی / پی بی یو / پی بی-1 / 87525 / 2019 بتاریخ 24 جون 2019ء اور سرکلر نمبر 4 بتاریخ 30 جون 2020ء سے رجوع کیجیے جو مذکورہ موضوع کے بارے میں تھے۔

2۔ اس سلسلے میں، اطلاع دی جاتی ہے کہ خزانہ ڈویژن، حکومت پاکستان نے 40 ہزار روپے مالیت کے قومی پرائز بانڈز (بیئرر) کی بھُنوائی (انکیشمنٹ) / تبدیلی / مبادلہ کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے اپنے اعلامیہ نمبر ایف.16(3).جی ایس-1 / 2014-1603 بتاریخ 26 نومبر 2020ء (نقل منسلک ہے) کی رُو سے اسے **30 دسمبر 2021**ء کر دیا ہے۔

3۔ آخری تاریخ یعنی 30 دسمبر 2021ء کو تحویل میں موجود 40 ہزار روپے مالیت کے قومی پرائز بانڈز کا بلحاظ برانچ / ریجن مجموعی ڈیٹا 31 دسمبر 2021ء تک بھجوا دیا جائے گا جیسا کہ سی ایم ڈی سرکلر نمبر 4 بتاریخ 30 جون 2020ء کے پیرا 4 میں ہدایت درج ہے۔

4۔ اس سلسلے میں دیگر تمام ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

5۔ براہِ کرم مذکورہ ہدایات تمام برانچوں اور متعلقہ اہلکاروں کو معلومات اور مکمل تعمیل کی غرض سے بھجوا دی جائیں۔

آپ کا مخلص،

(اورنگ زیب)
جوائنٹ ڈائریکٹر

منسلکہ: (مذکورہ بالا)